ا۔ یک عامل نظریہ Unifactor Theory:۔ اس نظریہ کو الفرڈ بینے، ٹرمین اور اسٹن Stern نے پیش کیا۔ اس نظریہ کے مطابق کسی فرد میں ایک عامل ایسا ہوتا ہے کہ اس کی مدد سے دیگر تمام میدانوں میں بھی عمدہ مظاہرہ کر سکتا ہے۔ یعنی کوئی فرد کسی ایک میدان میں مہارت رکھتا ہو تو وہ زندگی کے دیگر تمام میدانوں میں بھی کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔

2۔ دو عامل نظریہ Two Factor Theory:۔ ذہانت کے اس نظریئے کو چارلس اسپیر مین نامی ماہر نفسیات نے پیش کیا۔ اس نظریئے کے مطابق فرد کی ذہانت، دو عامل پر مشتمل ہوتی ہے۔ ایک عام ذہانت جس کو "G" Factor بھی کہتے ہیں جو مختلف ذہانت کے کاموں میں شامل ہوتا ہے۔ دوسری مخصوص ذہانت جس کو "S" Factor بھی کہتے ہیں جو مختلف مشاغل، افعال اور دلچسپیوں کی انجام دہی میں مدد دیتی ہے جیسے مصوری، شاعری اور موسیقی وغیرہ۔ اس کی مساوات حسب ذیل ہے۔

$$g+s_1+s_2+s_3=A$$

3۔ کثیر عامل نظریہ Multi Factor Theory:۔ اس نظریئے کو تھارن ڈائیک نامی ماہر نفسیات دان نے پیش کیا۔ اس نظریئے کے مطابق کئی طرح کی مخصوص صلاحیتوں کو یکجا ملا کر ذہانت کا نام دیا گیا۔ اگرچہ ان مخصوص صلاحیتوں میں کچھ خصوصیات مشترک ہیں لیکن ان مشترک خصوصیات کو ہم مکمل ذہانت نہیں مان سکتے۔ جن مختلف صلاحیتوں کو ملا کر ہم ذہانت کہتے ہیں یہ ایک دوسرے سے آزاد اور علیحدہ حیثیت رکھتی ہے۔ تھارن ڈائیک نے اپنی کتاب "Measurement of Intellegence" میں ذہانت کے مختلف خصوصیات کا ذکر کیا ہے۔

1۔ سطح Level   2۔ حد Range   3۔ مظاہرہ کی رفتار Speed of Performance

4۔ رقبہ Area

مندرجہ تمام خصوصیات جب متحد ریکجا ہوتے ہیں تو اس کو کثیر عامل کا نظریہ کہتے ہیں۔

تھارن ڈائیک نے CAVD نامی ذہانتی ٹسٹ تیار کیا۔

C=Sentence Comletion A=Arthematic V=Vocabulary D=Direction

4۔ گروہی عامل نظریہ Group Factor Theory:۔ اس نظریہ کو مجموعہ عامل نظریہ بھی کہا جا سکتا ہے اس نظریہ

کوتھرسٹن نامی امریکی ماہرنفسیات نے پیش کیا۔اس کے مطابق فرد میں ذہانت کے ابتدائی 7 عناصر ہوتے ہیں۔

۱۔صوتی قابلیت Verbal Ability

۲۔حافظہ Memory

۳۔وجہ Reasoning

۴۔اعدادی صلاحیت Numerical Ability

۵۔چیزوں کا باہمی تعلق Spatial Relationshop

۶۔ادراکی صلاحیت Perceptual Ability

۷۔الفاظ کی روانی Word Fluency

5۔تمثیلی عامل نظریہ:۔اس نظریہ کو جی۔ایچ۔تھامسن نامی ماہرنفسیات نے پیش کیا۔ذہانت کے اس ٹسٹ میں دو باتیں مختلف ٹسٹوں کا تقابل کیا جاتا ہے اوران کی خصوصیات کا پتہ چلایا جاتا ہے۔اس لئے اسے تمثیلی نظریہ کہتے ہیں۔

6۔ذہانتی خاکہ کا نظریہ Theory of Structure of Intellegence:۔

گلفرڈ نامی ماہرنفسیات نے اس نظریہ کو پیش کیا۔اس نظریہ کے مطابق ذہانت میں (3) طرح کے عوامل ہوتے ہیں۔ (1) پیداوار Product (2) تحقیقات Operation (3) مواد Content

بچوں کی تعلیمی اعتبار سے درجہ بندی	ذہانتی خارج قسمت I.Q.
Gifted Children	140 & Above
Very Superior	120 - 139
Superior	110 - 119
Average Children	90 - 109
Slow Learner	70 - 89
Educable Mentally Retarded	50 - 69
Trainable Mentally Retarded	30 - 49
Custodial	29 - Below

Classification of Intelligence Test

ذہانت کے ٹسٹ کو دو بڑے زمروں میں درجہ بندی کی گئی۔

زبانی ٹسٹ Verbal Test

1۔ اس ٹسٹ میں زبان کے استعمال کیلئے جانچ کی جاتی ہے۔

2۔ زبانی ٹسٹ صرف خواندہ بچوں اور لوگوں کیلئے انجام دیا جاتا ہے۔

غیر زبانی ٹسٹ Non Verbal Test

1۔ یہاں پر زبان کے استعمال کی ضرورت نہیں ہوتی۔

2۔ یہ خواندہ اور ناخواندہ دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

Sub Test	Sub Test
a) Picture Completion Test	V=Vocabulary
b) Picture arrange Test	I=Information
c) Object Assembly	C=Comprehension
d) Digit Symbol Test	S=Similarity
e) Black-Design Test	A=Arthematic
	M=Memory

Individual Test:۔اس ٹسٹ میں وقت واحد میں صرف ایک ہی فرد کا ٹسٹ کیا جاتا ہے۔

Gourp Test:۔اس ٹسٹ میں مجموعی طور پر ٹسٹ کیا جاتا ہے یا مجموعہ کا ٹسٹ کیا جاتا ہے۔

1-W.I.S.C.

☆ WICS کا پھیلاؤ Weschler Intelligence Scale for Children ہے۔

☆ WICS کو ویشلر نامی ماہر نفسیات نے پیش کیا۔

☆ یہ ٹسٹ 1949ء میں شروع کیا گیا۔

☆ WICS کو 5 سال سے زیادہ اور 16 سال سے کم عمر کے بچوں کو ذہانتی ٹسٹ کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

2-BHATIA INTELLIGENCE TEST

☆ یہ ایک انفرادی آزمائش کیلئے استعمال کیا جانے والا غیر تحریری ٹسٹ Non Verbal ہے۔

☆ ڈاکٹر چندر موہن بھاٹیہ ہندوستانی ماہر نفسیات نے اس ٹسٹ کو متعارف کروایا۔

☆ یہ ٹسٹ کم پڑھے لکھے افراد یا پیشہ وارانہ افراد کی ذہانت کی جانچ کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

☆ یہ ٹسٹ دیئے گئے سامانِ ہدایت کی مدد سے سرگرمیوں کو ترتیب دینے پر مشتمل ہوتا ہے۔

۱۔ Pattern Drawing Test

۲۔ Immediate Memory Test for Digits

۳۔ لکچر کنسٹرکشن ٹسٹ (ناخواندہ افراد کیلئے)

3-General Mental Ability Test for Children

- یہ ٹسٹ دو طرح کا ہوتا ہے۔

(۱) زبانی Verbal (۲) غیر زبانی Non Verbal

- ان ذیلی ٹسٹوں کو الگ الگ اکائی کے مجموعی طور پر اکھٹا کر کے دیا جاتا ہے۔
- ہر ٹسٹ 5 ذیلی ٹسٹوں پر مشتمل ہوتا ہے۔
- یہ ٹسٹ 7 تا 11 سال کے بچوں کے ذہانت کے ٹسٹ کیلئے موزوں ہوتا ہے۔

- یہ ٹسٹ دو ماہرین نفسیات پی۔ سری واستو اور ڈاکٹر کرن سکسینہ کی کوشش کا نتیجہ ہے۔
- یہ ذہانت ٹسٹ Multiple Choice سوالات پر مبنی ہوتا ہے۔

4-Raven's Standard Progressive Test

☆ یہ ایک اجتماعی آزمائش نام ہے جو غیر تحریری (Non Verbal) ذہانتی ٹسٹ پر مشتمل ہوتا ہے۔

☆ یہ غیر تحریری ٹسٹ مضمون میں باہمی رشتوں کو ظاہر کرنے کیلیئے مفید ثابت ہوتا ہے۔

☆ اس ٹسٹ کی مدد سے جیومٹری کے اشکال اور ڈیزائن کے درمیان پائے جانے والے رشتہ کو معلوم کیا جاسکتا ہے۔

☆ جس سے ہم شکل کے مختلف حصوں اور کسی تصویر کی ترتیب میں Gap کو مکمل کرنے کیلیئے استعمال کیا جاتا ہے۔

☆ جس سے ہم شکل کے مختلف حصوں کی نشان دہی کر سکتے ہیں۔

☆ اس ٹسٹ میں ۶۰ تصاویر پر مسئلہ کے طور پر دیئے جاتے ہیں۔ ۶۰ تصاویر کو ۵ زمروں میں A,B,C,D,E میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر زمرے میں 12 تصاویر ہوتے ہیں۔

☆ R.C. Raven اور J.H. Canet نے مشترکہ طور پر اس ذہانتی ٹسٹ کو تیار کیا۔

☆ Stanford Binet Test

Weschler Intelligence Test

5-Army Alpha Test

خواندہ افراد

☆ آرمی الفا ٹسٹ پہلی جنگ عظیم کے دوران خواندہ افراد کے لئے فروغ دیا گیا۔ جس میں مندرجہ ذیل عناصر شامل ہوتے ہیں۔

زبانی

1- Verbal 2- Group 3- Paper Pencil Test 4- Speed

6. Army Beta Test ناخواندہ افراد

☆ آرمی بیٹا ٹسٹ ناخواندہ افراد کے لئے فروغ دیا گیا۔ جس میں مندرجہ ذیل عناصر شامل ہوتے ہیں۔

1- Non Verbal 2- Group 3- Performance Test 4- Speed

Paper Pencil Test:۔اس ٹسٹ میں فاعل Subject ٹسٹ Items کے ردعمل کیلیے Paper اور Pencil کا استعمال کرتا ہے۔

Performance Test:۔اس ٹسٹ میں فاعل Subject چند عملی کام Practical Work انجام دیتا ہے۔

Standford Binet Test کسی بھی فرد کی جانچ

☆ یہ ایک انفرادی زبانی Verbal Test ہے۔

☆ فرانسیسی ماہر نفسیات الفرڈ بنے نے اسکولی بچوں کی ذہانت کی جانچ کیلئے اس ٹسٹ کو متعارف کروایا۔ بعد میں سائمن نے مل کر اس ٹسٹ کو فروغ دیا۔

☆ ٹرمن نامی ماہر نفسیات نے 1916ء میں بنے سائمن ٹسٹ میں ضروری ترمیم کے بعد سے Standford Revision of Binet Simon Scale کا نام دیا۔

☆ Standford دراصل ایک یونیورسٹی کا نام ہے۔

☆ اس ٹسٹ کے ذریعہ کسی بھی فرد کی ذہانت کی جانچ کی جاسکتی ہے اس میں عمر کی کوئی قید نہیں۔

Weschler Intelligence Test 16 تا 64 سال

ویشلر کے ذریعہ ٹسٹ کو WAIS بھی کہا جاتا ہے۔ WAIS کا وسعت Weschler Adult Intelligence Scale ہے۔ اس ذہانت ٹسٹ کو ویشلر نامی نفسیات داں نے پیش کیا۔ یہ ٹسٹ رہنمائی اور مشاورت Guidance & Counselling کیلئے نہایت کارآمد اور مفید ہوتا ہے۔ اس ٹسٹ کو Weschler Bellvue Test بھی کہا جاتا ہے۔ Bellvue دراصل نیویارک کے ایک دواخانہ کا نام ہے۔ WAIS میں جملہ 11 ٹسٹ ہوتے ہیں۔ WAIS ٹسٹ کو 16 سال سے 64 سال عمر کے افراد کی ذہانت کی جانچ کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

ذہانتی ٹسٹ کو مجموعی طور پر چار اقسام میں درجہ بندی کی گئی ہے

1. **Administration based**
   - **Individual Tests**
     Ex:
     - WISC
     - Bhatia Intelligence Test
   - **Group Tests**
     Ex:
     - General Mental Ability tests
     - Army Alfa Tests
     - Army Beta Tests
2. **Content based**
   - **Verbal Tests**
     Ex:
     - Stanford Binnet Scale
   - **Non Verbal Tests**
     Ex:
     - Army Beta Tests
     - Raven's Standard Progressive Matrices Tests
3. **Measurable based**
   - **Paper + Pencil Tests**
     Ex:
     - Army Alfa Tests
     - Weshler Intelligence Test
   - **Measurement Tests**
     Ex:
     - Bhatia Intelligence Test
4. **Time based**
   - **Speed Tests**
     Ex:
     - Army Alfa Tests
     - Army Beta Tests
   - **Energy Tests**
     Ex:
     - Raven's Standard Progressive Matrices Tests

شخصیت

(Personality)

شخصیت ایک نفسیاتی اصطلاح ہے ۔ لفظ Personality کو لاطینی لفظ "Persona" سے لیا گیا ہے جس کے معنی نقاب (Mask) کے ہیں ۔ فرد کا بیرونی اثر، وضع قطع، نفسی و حرکی کردار، ذہنی کردار سب کے افعال شخصیت کی عکاسی کرتی ہیں ۔

دور جدید میں فرد کے اوصاف اور اقدار کو شخصیت کے طور پر تصور کیا جا رہا ہے ۔

آلپورٹ کے مطابق ''شخصیت وہ حرکیاتی تنظیم کا نام ہے جو فرد کے نفسی و حرکی نظام کو ماحول سے انفرادی مطابقت پیدا کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔''

شخصیت کے عناصر :۔

1 ۔ جسمانی ساخت 2 ۔ عادتیں 3 ۔ طبعی و جسمانی خصوصیات 4 ۔ طبعی میلانات 5 ۔ استعداد

شخصیت کی نشو و نما پر اثر انداز ہونے والے عوامل :۔

1 ۔ حیاتی عوامل Biological Factor

2 ۔ سماجی عوامل Social Factor

1 ۔ حیاتی عوامل :۔ حیاتی عوامل انسان کے اندر پائے جاتے ہیں یہ اندرونی عوامل جیسے جنس، عصبی نظام، اور غدود وغیرہ ہوتے ہیں اہم حیاتی عوامل مندرجہ ذیل ہیں ۔

A ۔ جسمانی ساخت B ۔ عصبی نظام C ۔ غدود . D ۔ ذہنی اور نفسیاتی عوامل

A ۔ جسمانی ساخت :۔

فرد کی جسمانی و طبعی خصوصیات جن میں قد، وزن، جسمانی ساخت، عام صحت اور جسمانی کمزوریاں وغیرہ یہ تمام فرد کی نشو و نما یا شخصیت پر اثر انداز ہونے والے عوامل ہیں ۔

B ۔ عصبی نظام :۔

عصبی نظام فرد کے سمعی، بصری اور حسی و حرکی امور کو کنٹرول میں رکھتا ہے ۔ اس میں پائے جانے والے عصبی ریشے اور عصبی خلیئے، جذباتی برتاؤ اور ذہنی قابلیت پر اثر انداز ہوتے ہیں ۔

...... عصبی نظام تین حصوں سے بنا ہوتا ہے ۔ (۱) دماغ (۲) نخاعی ڈور (۳) اعصاب

...... عصبی نظام میں دو قسم کے خلیئے پائے جاتے ہیں ۔ (a) عصبی خلیئے (b) سریش خلیئے (Glial cells)

...... عصبیے فعلیاتی اکائی ہوتے ہیں جو اطلاعات کو حاصل کرتے ہیں کاروائی کرتے ہیں اور ردعمل پیدا کرتے ہیں۔

...... سریش خلیئے امدادی خلیئے ہیں جو عصبی خلیوں کو تغذیہ فراہم کرتے ہیں اور اس کو اپنے افعال انجام دینے میں مدد دیتے ہیں

عصبی نظام تین (3) قسم کا ہوتا ہے۔

(1) مرکزی عصبی نظام (2) محیطی عصبی نظام (3) خودکار عصبی نظام



☆ دماغ کی بیرونی پرت بھوری دکھائی دیتی ہے جسے خاکی مادہ کہا جاتا ہے اندرونی پرت سفید نظر آتی ہے اسے سفید مادہ کہا جاتا ہے۔بھورا مادہ خلیوں کے اجسام اور سفید مادہ محوریئے رکھتا ہے۔

☆ دماغ اور نخاعی ڈور تین جھلیوں سے ڈھکے رہتے ہیں۔ بیرونی جھلی کو ام رقیقہ (Piamater) درمیانی جھلی کو ام جافیہ (Duramater) کہا جاتا ہے۔

☆ مخ (Cerebrum) جسم کے بہت سے افعال کو قابو میں رکھتا ہے۔

☆ دمیغ (Cerebellum) حرکات، وضع اور توازن پر قابو رکھتا ہے۔

☆ پچھلا دماغ، دمیغ اور دماغی تنہ دونوں کے (Brain stem) پر مشتمل رہتا ہے۔

☆ محیطی عصبی نظام میں اعصاب کے 43 جوڑ پائے جاتے ہیں جس میں 12 دماغی اعصاب اور 31 جوڑ نخاعی اعصاب شامل ہیں۔

C۔غدود Glands :۔غدود جسمانی نشو ونما اور مختلف اعضاء کے افعال پر غیر معمولی اثر ڈالتے ہیں۔غدود جسم میں کیمیائی اشیاء کا افراز کرتے ہیں۔غدود دو قسم کے ہوتے ہیں۔

1۔ بروں افرازی غدود (Exocrine or Duct Gland)

2۔ دروں افرازی غدود (Endocrine or Ductless Gland)

1۔ بروں افرازی غدود:۔ بروں افرازی غدود میں مادہ کو خارج کرنے کیلئے نالیاں ہوتی ہیں یا راستہ ہوتا ہے جیسے پسینے کے غدود، اشکی غدودوغیرہ۔

2۔ دروں افرازدی غدود:۔ دروں افرازی غدود میں نالیاں نہیں پائی جاتی ہیں۔ اسی لئے انہیں بے قناتی غدود یا Ductless Gland کہتے ہیں۔ غدود کے ذریعہ کیمیائی اشیاء کا افراز عمل میں آتا ہے جس کو ہارمونس کہتے ہیں۔

دروں میں افرازی غدود مندرجہ ذیل ہیں۔

1۔ نخاعی غدود Pituitary Gland

2۔ درقیہ غدود Thyriod Gland

3۔ نزدورقیہ غدود Para-Thyriod Gland

4۔ برگردوی غدود Adrenal Gland

5۔ مولدہ Gonads

1۔ نخاعی غدود:۔

☆ یہ غدوددماغ کے نچلے حصہ میں ہوتا ہے۔

☆ اس کا کام جسمانی نشوونما کو کنٹرول کرنا ہوتا ہے۔

☆ جنسی نشوونما Sexuality میں بھی اس غدود کا بڑا دخل ہوتا ہے۔

☆ اس غدود کو استادی غدود (Master Gland) کہتے ہیں کیونکہ یہ تمام غدود پر کنٹرول رکھتا ہے۔

☆ بچپن میں نخاعی غدود سے نموئی ہارمون کا مناسب مقدار میں افراز نہ ہو تب جسم کا نمو متاثر ہوتا ہے۔ ایسے افراد پست قد ہوتے ہیں جو Dwarfism کو تاہ قامتی کہتے ہیں۔

☆ بچپن میں نخاعی غدود سے نموئی ہارمون کا افراز مقدار سے زیادہ ہوتو ایسے افراد قد آور ہوتے ہیں جس کو Giantism دیو قامتی کہتے ہیں۔

2۔ درقیہ غدود:۔

☆ یہ غدود گردن کے وسط میں نرخرے کے دونوں طرف ہوتے ہیں۔

☆ ذہنی پختگی کا انحصار اس غدود پر ہی ہوتا ہے۔

☆ تھائیرائیڈ غدود سے Thyroxin ہارمون کا افراز ہوتا ہے۔

☆ اس کی کمی سے فرد کے ہڈیوں کے فروغ میں کمی اور نمو میں سستی دکھائی دیتی ہے۔

3۔نزدرقیہ غدود:۔

☆ یہ غدود تھائیرائیڈ غدود کے قریب پائے جاتے ہیں اور پیاراتھارمون Parathormone نامی ہارمون کا افراز کرتے ہیں۔

☆ یہ ہارمون ہڈیوں اور خون میں کیلشیم اور فاسفیٹ کی سطح کو قابو میں رکھتا ہے۔

☆ اگر یہ ہارمون بڑی مقدار میں پیدا ہوں تو عضلات نہایت سرگرم ہو جاتے ہیں اور سکڑی ہوئی حالت میں رہ جاتے ہیں اس حالت کو (Tetany) کہا جاتا ہے۔

4۔برگردوی غدود:۔

...... یہ غدود دونوں گردوں کے اوپر Cap کی طرح ہوتے ہیں۔

...... فرد کے جذبات پر یہ غدود اثر ڈالتا ہے۔جس سے طاقت اور جذبات کا اظہار ہوتا ہے۔

...... اس غدود کو ''جذبات کا مخزن'' بھی کہتے ہیں۔

...... اس غدود کے ہارمون کے زیادہ افراز پر خون کا دباؤ (BP) بڑھ جاتا ہے اور ہارمون کے کم افروز پر فرد سست اور کاہل بن جاتا ہے۔

5۔مولدہ Gonads:۔

...... اس غدود کو ''جنسی غدود'' بھی کہتے ہیں۔

...... ان غدود کا جذباتی کیفیات وحالات میں نمایاں دخل ہوتا ہے۔

...... یہ غدود مختلف ہارمونس کا افراد کرتے ہیں ۔نرزواجے انشیوں (Testis) سے Testosterone کا افراز عمل میں آتا ہے۔

...... جبکہ مادہ زواجے بیضدان (overy) سے (Projestrone) اور (Oestrogen) کا افراز عمل میں آتا ہے۔

D۔ذہنی اور نفسیاتی عوامل:۔

ذہنی عوامل فراد کی مطابقت، اکتسابی معلومات، مہارتوں کا حصول اور قوت فیصلہ جیسے امور میں نہایت ہی کارآمد اور مفید ہوتے ہیں۔نفسیاتی عوامل احساسات، کردار، محرکہ، رویئے اور جذبات ورجحانات وغیرہ عوامل فرد کے طرز زندگی کو تشکیل دینے میں مدد دیتے ہیں۔

2۔سماجی عوامل:۔سماجی عوامل بیرونی عوامل ہوتے ہیں سماجی عوامل جو شخصیت پر اثر انداز ہوتے ہیں وہ یہ ہیں۔

(i) گھر اور خاندان (ii) مدرسہ کا ماحول (iii) سماج

A۔گھر اور خاندان:۔گھر فرد کا پہلا سماجی ادارہ ہے جہاں وہ پیدائش کے ساتھ ہی جڑ جاتا ہے۔گھر کی ساخت، گھر کا ماحول،

رشتے داروں سے تعلقات، گھر کے افراد کا برتاؤ، غرض ہر طبعی فطری و غیر فطری حالات واقعات سب فرد کی شخصیت پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

B۔ مدرسہ کا ماحول:۔ گھر کے بعد فرد کی نشو ونما پر اثر انداز ہونے والا ادارہ مدرسہ ہے اسکول فرد کی ذاتی صلاحیتوں، مخفی صلاحیتوں کے ساتھ سماجی تربیت کا بھی ادارہ ہے۔ اسکول کا نظم وضبط اساتذہ کا برتاؤ اور دوستوں کا رویہ فرد کی شخصیت پر راست اثر انداز ہوتا ہے۔

C۔ سماج:۔ سماجی رسم و رواج، سماجی تہوار، مذہبی عقائد، سماجی اقدار اور سماجی اصول وقوانین وغیرہ فرد کی شخصیت کی نشو ونما میں نمایاں رول ادا کرتے ہیں۔ کلب، سینما، سیاست اور سماجی خدمات بھی شخصیت کی نشو ونما پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

PRINCIPLE OF PERSONALITY
or
THEORIES OF PERSONALITY

شخصیت کے اصول یا نظریات

☆ ماہرین نفسیات نے مختلف پہلوؤں کی بنیاد پر شخصیت کے اصول یا نظریات پیش کئے۔

TYPE THEORIES - I

I۔ Hippocrates کی درجہ بندی:۔

ہپوکریٹس نے انسانی جسم میں پائے جانے والے سیال کی بنیاد پر ان کے اوصاف یا کردار کے درمیان تعلق کو بتلایا۔ اس نے شخصیت کی درجہ بندی کو "Humors" کی اصطلاح دی۔ اس نے شخصیت کے اقسام کو 4 زمروں میں تقسیم کیا۔

1۔ Physically strong & Emotionally stong : Songuine پُراعتماد (+ +)

2۔ Emotionally as well as Physically Weak : Melancholic غمگین (- -)

3۔ Emotionally Weak but Physically Strong : Choleric غصیلہ (+ +) -+)

4۔ Emotionally strong but physically weak : ٹھنڈے دل و دماغ Phlegmatic (+ -)

Character	Humor	Fluid	Corresponding Trait in the Big 5
Irritable	Choleric	Yellow bile	Agreeableness
Depressed	Melencholic	black bile	Neuroticism
Optimistic	Sanguine	blood	Openness to experience
Calm	Phelgmatic	phlegm	Neuroticism

I۔کارل جنگ / یونگ کی درجہ بندی:۔

Carl Young / Jung نامی ماہرنفسیات نے شخصیت کی (3) اقسام میں درجہ بندی کی۔

1. Introvert 2. Extravert 3. Ambivert

Extravert بیرون بین	Introvert اندرون بین
1۔سب کے ساتھ مل کر کام کرنا پسند کرتے ہیں۔	1۔تنہائی پسند ہوتے ہیں اور اکیلے کام کرنا پسند کرتے ہیں۔
2۔سماجی ہوتے ہیں۔	2۔غیرسماجی ہوتے ہیں۔
3۔روانی سے تقریر میں اچھے ہوتے ہیں۔	3۔پڑھنے اور لکھنے Reading & Writing میں اچھے ہوتے ہیں۔
4۔قائدانہ صلاحیتیں بدرجہ اتم موجود ہوتی ہیں۔	4۔قائدانہ صلاحیتوں کی کمی ہوتی ہے۔
5۔جارحیت پسند Aggresive ہوتے ہیں۔	5۔فرمانبردار اور اطاعت شعار Submissive ہوتے ہیں۔
6۔کسرت اور کھیل کود میں حصہ لینے والے ہوتے ہیں۔	6۔کتابوں اور رسالوں کو تلاش کرتے ہیں۔
مثلاً کھلاڑی، تاجر، سماجی کارکن اور سیاسی قائدین وغیرہ	مثلاً شاعر، مصنف، فلسفی اور سائنسدان وغیرہ۔

☆ ایسے افراد جن میں اندرون بین اور بیرون بین دونوں خصوصیات پائی جاتی ہیں ان کو Ambiverts کہتے ہیں۔

(5) کرشمیر Ernest Kretschmer کی درجہ بندی:۔

کرشمیر نامی ماہر نفسیات نے شخصیت کے ٹائپ نظریہ میں (3) اقسام بتلائے۔

Type قسم	Structure ساخت	Charecteristic خصوصیات
1۔Phyknic	موٹے یا چربی والے اور کم قد ہوتے ہیں Fat & Short	سماجی، بیرون بین
2۔Athletic	متوازن جسم والے Balanced Body	بیرون بین اور مطابقت رکھنے والے
3۔Aesthenic (Leptosomatic)	دبلے اور لانبے Thin & Tall	غیر سماجی، Reserved، اندرون بین
4۔Dysplastic	غیر متناسب جسم یا غیر موزوں جسم (غیر متوازن ہارمونس کی وجہ سے ہوتا ہے)	برتاؤ اور شخصیت غیر متوازن

Trait Theories - II

Trait Thoeries کے تحت تین ماہرین نفسیات آلپورٹ، آر بی کیاٹل اور آئی سینک نے اپنے نظریات پیش کئے۔

(1) آلپورٹ کی درجہ بندی:۔

آلپورٹ نے شخصیت کی جانچ کے لئے ان میں پائے جانے والے اوصاف (Traits) کو اہمیت دی۔

آلپورٹ کے مطابق اوصاف دو طرح کے ہوتے ہیں۔

(A) عام خصوصیات یا اوصاف (General Character or Trait):۔

یہ خصوصیات تمام افراد میں یکساں نہیں ہوتی۔ کسی فرد میں کم تو کسی فرد میں زیادہ ہوتی ہیں۔ اس طرح کی خصوصیات یا اوصاف زیادہ تر لوگوں میں دیکھے جاسکتے ہیں۔ اس وصف کو Primary Traits ابتدائی اوصاف بھی کہتے ہیں۔ مثلاً اچھائی۔

(B) مخصوص خصوصیات یا اوصاف (Particular Character or Trait):۔

یہ ایسی خصوصیات ہیں جو ایک شخص کو دوسرے شخص سے علیحدہ کرتی ہیں۔ایسی خصوصیات یا اوصاف مخصوص لوگوں کے پاس ہی دیکھی جاتی ہے۔اس کو Personal Disposition بھی کہتے ہیں۔اس وصف یا خصوصیت کو Peculair Trait کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔مثلاً آدمیت کی حس،اس وصف کو مرکزی اوصاف (Central Traits) بھی کہا جاتا ہے۔

(2) R.B. Cattle کی درجہ بندی:۔

R.B. Cattle نامی ماہر نفسیات نے اوصاف کو دو زمروں میں تقسیم کیا۔

(A) Souface Trait:۔کسی فرد کے برتاؤ میں کچھ اوصاف کو ہم رات مشاہدہ کرتے ہیں اس طرح کے اوصاف کو Souface Trait بھی کہتے ہیں۔

(B) Source Trait:۔چند خصوصیات یا اوصاف منتظم طریقے سے گہرائے میں پائے جاتے ہیں۔جو مخصوص اوصاف کو جنم دیتے ہیں اور ہم ان کا راست مشاہدہ نہیں کر سکتے ان اوصاف کو Source Trait کہتے ہیں۔یہ ساکن ہوتے ہیں ان کی جملہ تعداد (16) ہوتی ہے۔

SUPER TRAIT

(3) آئی سینک Eysenck کی درجہ بندی:۔

اس کے مطابق برتاؤ کی بنیاد پر شخصیت کو (3) زمروں میں تقسیم کیا گیا۔

1۔ Extraversion:۔سماجی لاپرواہ،کھلا ذہن اور سماجی برتاؤ کے حامل ہوتے ہیں۔فرد اس میں زندگی کو ایک پارٹی سمجھتا ہے۔یہ بیرون بین ہوتا ہے۔

2۔ Neuroticism:۔یہ شخصیت کا ایک وصف ہے۔جو اعصابی برتاؤ یا کردار سے تعلق رکھتا ہے۔جس میں ڈر یا پریشانی سے متعلق تیزی سے احساسات اجاگر ہوتے ہیں اس کو PEN ماڈل سے بھی جانا تا ہے۔

3۔ Psychoticism:۔مخصوص برتاؤ اور اوصاف کو Psychoticism کہتے ہیں۔اس میں فرد Risk لیتا ہے غیر سماجی برتاؤ میں ملوث ہوتا ہے من موجی ہوتا ہے۔

......Eyesenck نے اپنی درجہ بندی کو Super Trait کا نام دیا۔

Principle of Personality (Imp)

Type Approaches

Kresthmer's
(Fat body)
1.Pykric
(Balanced Body)
2. Atheletic
(Thin & Lean body))
3. Asthertic
or
Lap to Somatic

Jung
1.Extrovert
2. Introvert
3. Ambiovert

Sheldon
1.Endomorphy
2. Mesomorphy
3. Ectomorphy

Spranger
1.Theoretical man
2. Economical Man
3. Religious man
4. Political man
5. Social man
6. Aesthetic man

Trait Approaches

Allport
1. General Characters
2. Personal Deposition

R.B. Cattle
1. Surface Trait
2. Source Trait

Eysenick's
1. Extroversion
2. Introversion
3. Neuroticism
4. Psychotics

Development Approaches

Frieud
1. I.D.
2. Ego
3. Super Ego

Eric Erickson
1. Infancy
2. Babyhood
3. Play Age
4. School Age
5. Adolescent
6. Young Adolescent
7. Middle Adolescent

Sprangerʼs نے شخصیت کے 6 اقسام بتلائے۔

1۔نظریاتی شخص Theoritical Man:۔ایسے افراد جو صرف خیالی طور پر سوچتے ہیں اور فطری، سماجی اور سیاسی سرگرمیوں کو نظرانداز کردیتے ہیں۔

2۔معاشی شخص Economical Man:۔ایسے افراد جو ہمیشہ پیسے کمانے کے بارے میں سوچتے ہیں اور ہر وقت اسی کام میں لگے رہتے ہیں تاجر وغیرہ۔

3۔سماجی شخص Social Man:۔ایسے افراد سماجی کاموں میں زیادہ دلچسپی لیتے ہیں سماجی کارکن وغیرہ۔

4۔سیاسی شخص Political Man:۔ایسے افراد ہمیشہ حکومت اور طاقت کو حاصل کرنے کی سوچتے ہیں مسائل کو حل کرنے میں دلچسپی لیتے ہیں۔مثلاً سیاسی قائدین وغیرہ۔

5۔مذہبی شخص Religious Man:۔ایسے افراد ہمیشہ مذہب اور آخرت کے بارے میں سوچتے ہیں مذہبی پیشوا Freacher

6۔جمالیاتی شخص Aesthetic Man:۔ایسے افراد خوبصورتی کو پسند کرتے ہیں اور اس کا لطف لیتے ہیں فلمی ادارکار وغیرہ

T E S P R A

Tespra

شیلڈن Sheldon نے انسانوں کو جسمانی ساخت کے ساتھ انکے مزاج وطبیعت کی بنیاد پر تمام انسانوں کو 3 اقسام میں تقسیم کیا۔

سلسلہ نشان	شخصیت کے اقسام	جوانی ساخت	شخصیت کی خصوصیات
1	Endomorph	شخصیت زائد نشوونما والی، پیٹ بڑا ہوتا ہے	آسانی سے کام کرنے والے، پرسکون سماجی اور پرکشش ہوتے ہیں۔
2	Mesomorph	متوازن، جسم والے، پیٹ اور دیگر اعضاء ٹھیک نشوونما والے کھلاڑی ہوتے ہیں۔	دلیر کاموں کو پسند کرنے والے، خطروں کے کھلاڑی ہوتے ہیں۔
3	Echomorph	کمزور جسمانی نشوونما اور پیٹ بھی اندر رہتا ہے۔	منفی سوچ، غیر سماجی اور الٹے جواب دینے والے ہوتے ہیں۔

کشمکش CONFLICT

لفظ Conflict کے لغوی معنی نزاع ،لڑائی ،جھگڑا ،تضاد ،کشیدگی ،مخالف اور ذہنی کشمکش کے ہیں۔

مختلف خیالات اور افکار میں اختلافات کی وجہ سے تناؤ پیدا ہوتا ہے۔
تضاد یا کشمکش وہ جذباتی کیفیت کا نام ہے جو دو یا دو سے زائد متصادم خواہشات کے نتیجہ میں پیدا ہوتی ہے۔انسان دو مختلف اور متضاد خواہشات رکھے گا اور بیک وقت ان کی تکمیل کی خواہش رکھے گا تو وہ کسی ایک خواہش کو مکمل کر سکے گا۔ دوسری خواہش کی عدم تکمیل کی وجہ سے اس کے اندر نفسیاتی کشمکش پیدا ہو جائے گی۔اس طرح دو تضاد خواہشات کا شکار ہو کر فرد نفسیاتی تناؤ میں مبتلا ہو جاتا ہے کہ کس خواہش کو پہلے پورا کرے اور کس خواہش کو منسوخ کرے۔یہی دراصل کشمکش (Conflict) ہے۔کشمکش دراصل فرد کی عدم اطمینان بخش کیفیت کا نام ہے۔

طرز طرز کشمکش

(1) Approach - Approach :- (+ +)

دو یا دو سے زائد مثبت اور مساوی مقاصد کے حصول میں فرد کو کسی ایک کا انتخاب کرنا ہوتا ہے تب یہ Approach-Approach Conflict کہلاتا ہے۔مثلاً ایک طالب علم جب EAMCET کی کامیابی کے بعد انجینئرنگ کے کمپیوٹر کورس میں داخلہ لے یا Civil Course میں داخلہ لے۔اس بات کا فیصلہ کرنے میں وہ تناؤ محسوس کرے گا ایسی حالت میں وہ داخلی ہیجان اور کشمکش کا شکار ہو جاتا ہے۔

+__________**P**__________+

مثال :۔ 1۔ایک طالب علم انٹرمیڈیٹ کے MPC یا BiPC گروپ میں داخلہ لے۔کشمکش کا شکار ہوتا ہے۔
2۔ایک بچہ کرکٹ دیکھے یا دلچسپ کتاب پڑھے ان دونوں کے درمیان کونسا منتخب کرے، کشمکش میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

گریز گریز کشمکش

2۔Avoidance-Avoidance Conflict :- (- -)

اس قسم کی تضاد میں ایک فرد دو یا دو سے زائد منفی طرزِ عمل میں گرفتار رہتا ہے۔ وہ طے نہیں کر پاتا کہ وہ کس عمل کو پہلے انجام دے۔مثلاً ایک طالب علم امتحان کی تیاری کیلئے محنت کرنا نہیں چاہتا اور نہ گوارا کرتا ہے کہ اس کے والدین کو اس کی ناکامی پر تکلیف ہو۔ دونوں معاملات میں اس کو تکلیف ہوگی۔ نتیجتاً وہ دونوں معاملات سے کنارہ کشی اختیار کرنا چاہتا ہے اور اپنے آپ کو بچانا

چاہتا ہے۔

(3) Approaction Avoidance Conflict:۔ (+ -) طرز گریز کشمکش

کشمکش کی اس قسم میں فرد کو مثبت اور منفی مواقعوں یا متبادلات کے درمیان منتخب کرنا ہوتا ہے۔ جس میں پہلا فرد کو کشش کرتا ہے جبکہ دوسرا فرد کو خائف کرتا ہے۔ مثال کے طور پر ایک طالب علم اپنے کالج کے وداعی تقریب میں تقریر کرنا چاہتا ہے لیکن Stage Fear سے وہ تقریر کرنے کی ہمت نہیں کرتا ہے۔

☆ سگریٹ پینے سے فرد کو دماغی تسکین اور راحت ملتی ہے لیکن سگریٹ پینا صحت کیلئے مضر ہے۔

(4) Double-Approach Avoidance Conflict:۔ (± ∓) دوسرا طرز گریز کشمکش

اس میں فرد کو دو متبادلات یا مواقعوں میں سے کسی ایک کو منتخب کرنا ہوتا ہے۔ ہر دو متبادل میں ایک مثبت اور ایک منفی پہلو پایا جاتا ہے۔ اس طرح سے فرد کو ہر صورت میں ایک مثبت اور ایک منفی پہلو کا انتخاب کرنا ہوتا ہے۔

مثال:۔ ایک فرد شہر میں نوکری کرتا ہے۔ تنخواہ پُرکشش ہے تمام سہولتیں مہیا ہیں۔ لیکن ٹرافک، آلودگی جیسے مسائل کا بھی سامنا کرنا پڑتا ہے۔ جبکہ دیہات میں تازہ ہوا اور اصلی اشیاء دستیاب ہوتے ہیں۔ رشتہ دار و دوست احباب ملتے ہیں۔ لیکن تنخواہ کم ہے تعلیم، طب اور دیگر سہولتیں میسر نہیں ہیں۔

جبلت

(INSTINCTS)

مخصوص حالات میں خود سے پیدا شدہ برتاؤ اور اندرونی غیر متوقع حرکات کو جبلت کہتے ہیں۔ اس میں فرد کو باضابطہ کسی عمل کو کرنے کی تربیت Training نہیں دی جاتی اور نہ ہی تجربات انجام دیئے جاتے ہیں۔ بلکہ اپنے والدین کو طور طریقوں اور ماحول کو دیکھ کر جو افعال روبہ عمل لائے جاتے ہیں مثلاً

1۔ پرندے گھونسلہ بناتے ہیں۔

2۔ شیر خوار دودھ یا بھوک کیلئے روتے ہیں۔

3۔ ایک بالغ مخالف جنس میں کشش رکھتا ہے۔

There are certain specific innate & inborn nodes of behaviour in certain specific situation which do not require any prior trianing or experience. In Psychology behaviour of this type is named as Instinctive behaviour and innate or inherited tendencies or mental structures reponsible for such behaviour patterns are known as "Instincts".

جبلت کے تین (3) اہم عوامل ہیں۔

1۔ Cognitive (Perceiving or knowing)

2۔ Affective (feeling)

3۔ Conative (Doing or Acting)

جبلت پر تھارن ڈائیک، فرائیڈ، Drever اور M.C. Duagall نے بہت کام کیا۔ لیکن جبلت کے میدان میں M.C. Dougall کا نام سرفہرست ہے جس نے جبلت کو 14 اقسام میں درجہ بندی کی۔

1۔ Instinct of Escape راہ فرار اختیار کرنا یا بھاگنے کی جبلت:۔

اس قسم کی جبلت میں اندرونی جذبہ کارفرما ہوتا ہے۔ جو خطرہ یا امکانی خطرات کے پیش نظر راہ فرار اختیار کر کے محفوظ جگہ منتقل ہو جاتا ہے۔ جب چھوٹا بچہ کتا یا دیگر جانوروں کی آوازیں سنتا ہے تو وہ گھبرا جاتا ہے یا اچانک چیخ سے بھی وہ بھاگنے لگتا ہے۔

2-Instinct of combat or Pugnacity جھگڑالو یا فساد کی جبلت:۔

اس میں فرد کسی بھی میدان میں کامیابی کیلئے لڑائی جھگڑے سے کام لیتا ہے اور منزل مقصود تک پہنچنے کی فکر کرتا ہے تمام اقسام کے جھگڑے، لڑائی اور جنگ وغیرہ اس فہرست میں آتے ہیں۔

3-Instinct of Repulsion کراہیت یا گھن کی جبلت:۔

گناہ یا غلطیاں کرنا، جھوٹ بولنا، دھوکہ دینا اور دغابازی و مکاری کرنا وغیرہ سے کراہیت کی جاتی ہے گندے خیالات نقصاندہ مقاصد پنہاں ہوتے ہیں۔

4-Instinct of Curiosity اشتیاق یا تجسس کی جبلت:۔

اس قسم کی جبلت میں نئی اشیاء اور نئے مظاہروں پر بحث کی جاتی ہے۔ بچے اپنے والدین و اساتذہ سے اپنے ماحول کے بارے میں بے شمار سوالات کرتے ہیں۔ اس میں تمام ایجادات، دریافت، حقیقت، سچائی شامل ہوتے ہیں۔

5-Parental Instinct والدینی جبلت:۔

یہ جبلت انسانوں کے ساتھ ساتھ جانوروں میں بھی پائی جاتی ہے۔ والدین اپنے بچوں سے محبت و پیار کرتے ہیں اور انہیں غذاء فراہم کرتے ہیں۔

6-Instinct of Appeal:۔

اس میں بچے جب بھوکے یا خائف ہوتے ہیں تو وہ اپنے والدین سے اپیل (التجا) کرتے ہیں کہ وہ ان کے مسائل کی یکسوئی کریں۔ سماج میں کسی مقصد کی تکمیل کیلئے اجتماعات و جلسوں کو کامیاب بنانے کی اپیل کی جاتی ہے۔

7-Instict of Construction تعمیری جبلت:۔

اس میں تعمیری جبلت پر روشنی ڈالی جاتی ہے۔ جیسے پرندے ازخود گھونسلہ بناتے ہیں۔ بچے بچپن میں مٹی کے مکانات بناتے ہیں اور غار وغیرہ تیار کرتے ہیں اگر ان بچوں کی مناسب تربیت ونگہداشت کی جائے تو وہ مستقبل میں ایک اچھے معمار اور تعمیری مہارتوں سے لیس ہوسکتے ہیں۔

8-Instinct of Acquisition:۔

اس میں اپنی پسند اور مرضی کے مطابق بچے مختلف اشیاء کو جمع کرنے کے شوقین ہوتے ہیں جیسے سکے (Coins)، اسٹامپس (Stamps) اور Toys وغیرہ۔

9-Instinct of Gregariousness گروہی جبلت:۔

یہ جبلت انسانوں کو گروپ میں رہنے کی چاہت پیدا کرتی ہے اس قسم کے لوگ Clubs، شادمانی، عیش وعشرت کی زندگی

وسماجی میل جول کو پسند کرتے ہیں۔ یہ گروپ کی شکل میں رہنے کو فخر سمجھتے ہیں۔

10۔ Instinct of Sex or mating جنس کی جبلت:۔

یہ زندہ رہنے والے عضویوں کی بنیادی جبلت ہے۔ یہ مناسب جنس کی دستیابی پر اپنے خواہشات کی تکمیل کرتا ہے۔ عنفوان شباب میں Sex کی قوت یا طاقت عروج پر ہوتی ہے۔

11۔ Instinct of Self Assertion خودنمائی یا انا کی جبلت:۔

یہ عضویوں میں انانیت کے رجحان کو ظاہر کرتی ہے۔اس میں فرد اپنے آپ کو ہر میدان میں دوسروں سے اعلیٰ و برتر سمجھتا ہے اور خود کی تعریف وتوصیف کرتے رہتا ہے۔ یہ ہمیشہ منزل کی تلاش میں سخت محنت کرتا ہے اوراس میں کامیابی کا جنون سوار رہتا ہے۔

12۔ Instinct of Self-Abasement & Submission بے شرمی و بے حیائی کی جبلت:۔

یہ Self assertion جبلت کی ضد ہے۔اس میں فرد دوسروں کی اطاعت و رہنمائی میں چلتا ہے۔ وہ ایک لیڈر کے ماتحت رہتا ہے۔ وہ غلطی ہونے پر صدر مدرس یا اعلیٰ افسر کے سامنے نادم ہوتا ہے۔ان کے ڈانٹ ڈپٹ کی بے عزتی کو برداشت کرلیتا ہے۔

13۔ Instinct of Food Seeking بھوک کی جبلت:۔

زندہ عضویوں میں غذا ایک لازمی جز ہے۔ اسلئے تمام ضرورتوں میں غذا کی جبلت پہلے ہوتی ہے۔ یہ پکوان کی خوشبو وغیرہ سے متاثر ہوتا ہے اوراپنی بھوک مٹاتا ہے۔

14۔ Instinct of Laughing or Laughter ہنسنے کی جبلت:۔

یہ صرف انسانی زندگی میں ہی پائی جاتی ہے۔ ہنسنے سے انسان کے تمام غم دور ہوجاتے ہیں اور انسان ہشاش بشاش رہتا ہے یہ انسانی صحت کی برقراری میں مدد دیتی ہے۔ غصہ ہونا، دکھ، تکلیف وغم کو صرف مسکراہٹ وہنسی سے ہی دور کیا جاسکتا ہے۔